Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

[illegible] مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۵ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۳۴ء [جلد [illegible]]

حصہ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

[illegible]	حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲	۷	روبکار عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۸و۹
[illegible]	احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۳	۸	حکم اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر	۹
[illegible]	احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	۳و۴	۹	حکم اجلاس سول جج صاحب بہادر	۱۰
[illegible]	حکم اجلاس صاحب منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی	۵	۱۰	نقشہ نرخنامہ اجناس	۱۱
[illegible]	حکم اجلاس صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر	۵	۱۱	نقشہ بارش	۱۲
[illegible]	فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۶و۷			

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

منسوخی رخصت

۱۲ ستمبر ۱۹۳۴ء

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر۔ بابو شمس الدین احمد اکاؤنٹنٹ تعمیرات کی رخصت ایک ماہ منسوخ کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تبادلہ وتقرر

۶ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

بثبت یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بابت تبادلہ غلام عباس خاں ضلعدار حلقہ چوکنڈی بشاہرہ موجودہ بجائے غلام سعید خاں ضلعدار تحصیل ٹانڈہ مبدلہ براہ ہمدی جدید نظامت شمالی - وتقرر فرخ شاہ خاں بشاہرہ پندرہ روپیہ از تاریخ تبادلہ چارج بجائے غلام عباس خاں مذکور

حکم

انتظام مجوزہ ناظم صاحب حلقہ شمالی منظور ہے احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

بثبت تحریر صاحب چیف انجینیر صاحب بہادر بابت منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم محمود فضل مستری واٹر ورکس تنخواہ ماہوار پچیس روپیہ از ۱۶ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

حکم

محمود فضل خاں مستری واٹر ورکس کی پندرہ روز کی رعایتی رخصت بموجب تصدیق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل وسفارش صاحب چیف انجینیر بہادر منظور کیجاتی ہے۔
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

بثبت تحریر صاحب چیف انجینیر بہادر بابت منظوری رخصت علالت مزید پندرہ یوم بوضع نصف تنخواہ لال بہادر ہیڈ کلارک واٹر ورکس مشاہرہ یاب تیس روپیہ از ۱۶ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

حکم

منشی لال بہادر ہیڈ کلارک واٹر ورکس کی پندرہ روز کی مزید رخصت علالت بوضع نصف تنخواہ بموجب تصدیق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل وسفارش صاحب چیف انجینیر بہادر بسلسلہ رخصت سابقہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

۱۰ر ستمبر ۱۹۳۴ء

نقل تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل مع یادداشت صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر دربارہ منظوری رخصت رعایتی ۲۱ یوم منشی لاڈلے بہاری لال اہلمد صدر دبالسپور مشاہرہ دار بیس روپیہ از ۲۷ر اگست لغایت ۱۶ر ستمبر ۱۹۳۴ء شمول رخصت اتفاقیہ و تعطیلات بوجہ علالت نامبردہ بذمہ داری منشی بختیار الدین اہلمد صدر دسوار

حکم

حسب رپورٹ ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس۔ لاڈلے بہاری لال اہلمد صدر کی کل رخصت رعایتی ۲۱ یوم ۲۷ر اگست سے منظور کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

۱۱ر ستمبر ۱۹۳۴ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس جمشید علیخاں مدرس مدرسہ تمرپا تحصیل حضور کی رخصت رعایتی دس یوم از ۹ر ستمبر تا ۱۸ر ستمبر ۱۹۳۴ء بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط فارسی صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

رخصت

۱۱ر ستمبر ۱۹۳۴ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مقصود رضا خاں انگلش ٹیچر مدرسہ گمیر طاخاں کی رخصت رعایتی تین یوم از ۱۰ر ستمبر ۱۹۳۴ء بوضع تنخواہ منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔

(دستخط فارسی صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

رخصت

۱۲ر ستمبر ۱۹۳۴ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس محمد علی خاں مدرس اول مدرسہ تحصیل سوار کی رخصت رعایتی مزید دو یوم ۳ر ستمبر ۱۹۳۴ء بسلسلۂ سابقہ با انتظام موجودہ بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔

(دستخط فارسی صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

رخصت

۱۲ر ستمبر ۱۹۳۴ء

نقل تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل مع یادداشت ڈپٹی سکریٹری صدر دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ مطلوبہ جوالا پرشاد اہلمد صدر معزول مشاہرہ دار اٹھائیس روپیہ از ۱۲ر ستمبر ۱۹۳۴ء بعوض روانگی بیرونجات بذمہ داری منشی لال اہلمد صدر معاوضہ۔

حکم

حسب یادداشت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس جوالا پرشاد اہلمد صدر کی رعایتی رخصت یکماہ ۱۲ر ستمبر ۳۴ء سے منظور کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

تقرر

۱۴ ستمبر ۱۹۳۴ء

ہندی ٹیچری مڈل اسکول کے امیدواران ملاحظہ میں پیش ہوئے - اور اس معاملہ میں انسپکٹر صاحب مدارس سے بھی گفتگو کی گئی - چار امیدوار ہندی پڑھانے کے قابل پائے گئے - اگرچہ رام سرن مکتبی تعلیم کیلئے بہتر ثابت ہوا مگر مراری لال ولد رام سروپ ان سب میں اچھی شخصیت پایا گیا اور چونکہ وہ ریاست ہذا سے حسن خدمات کے صلہ میں سند حاصل کر چکا ہے - اسلئے مراری لال کا عارضی تقرر چھ ماہ کیلئے امتحاناً مڈل اسکول میں ہندی ٹیچر کی اسامی پر منظور کیا جاتا ہے - اس اسامی کی جو تنخواہ ہے وہی مراری لال کو ملیگی - بھاگیرت پرشاد جو مڈل اسکول میں بطور اپرنٹس کام کر رہا ہے اس کے متعلق علیحدہ غور کیا جائیگا - احکام ضابطہ جاری ہوں -

(دستخط جناب صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی

رخصت

۸ ستمبر ۱۹۳۴ء

مثنہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل مظہری عرضی لطافت حسین خان اہلمد جوڈیشل آفس مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار بایں استدعا عطائے رخصت رعایتی ایکماہ از یوم استفادہ بوجہ علالت خود

حکم

حسب رپورٹ رخصت رعایتی ایکماہ یوم استفادہ سے منظور کی جاتی ہے - حق رخصت کی تصدیق دفتر اکاؤنٹنٹ

جنرل صاحب سے ہو چکی ہے سررشتہ صدر کو بابت اجرائے احکام مرسل ہو

دستخط صاحب منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی

حکم اجلاس صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۱۱ ستمبر ۱۹۳۴ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب گورکھا کمپنی معروضہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۴ء جمعدار بہوسنگھ صاحب گورکھا کمپنی کو بضرورت تیمارداری برادر علیل رخصت بیس یوم من ابتدائی ۱۲ ستمبر ۱۹۳۴ء لغایت یکم اکتوبر ۱۹۳۴ء دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل اسکی اندراج گزٹ کیواسطے مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور واقع ۱۲ ستمبر ۱۹۳۲ء

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائیکورٹ میں من ابتدائے ۸ ستمبر ۱۹۳۲ء لغایت ۱۲ ستمبر ۱۹۳۲ء ہوئی منسلکہ دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسلہ۔

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۹ ستمبر ۱۹۳۲ء	جمعہ				تعطیل
۱۰ ستمبر ۱۹۳۲ء	شنبہ	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	سردار سوبھا سنگھ بنام عبدالحمید خاں	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۲۴ ستمبر ۱۹۳۲ء مقرر ہوئی
″	″	″	سید عنایت حسین بنام لالہ شب دیال	اپیل دیوانی مشمولہ منسوخی درخواست زیر دفعہ ۳۵ ضابطہ دیوانی	آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] ستمبر ۱۹۳۲ء [illegible] ہوئی
″	″	″	بسنت بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۵۷ ت	آج پیش ہوکر برائے [illegible] ۲ اکتوبر ۱۹۳۲ء مقرر ہوئی
″	″	″	امجد علیخاں بنام نبت رام	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	برائے سماعت ۲۹ ستمبر ۱۹۳۲ء مقرر ہوئی
″	″	″	شیام لال بنام گوپی ناتھ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۵۲ ت	برائے سماعت ۲۰ ستمبر ۱۹۳۲ء مقرر ہوئی
″	″	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بذریعہ الطاف حسین بنام [illegible] وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم [illegible] ۳۰۴ ت	ثبوت پیش کرنے کیواسطے ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۲ء مقرر ہوا
۱۱ ستمبر ۱۹۳۲ء	یکشنبہ	″	سوہن لال بنام رگھناتھ پرشاد	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible]	فیصلہ ثالثی پیش کرنے کیواسطے ۱۵ ستمبر ۱۹۳۲ء مقرر ہوا
″	″	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	[illegible] بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوے [illegible]	برائے سماعت ۱۷ ستمبر ۱۹۳۲ء مقرر ہوئی

۱۲ ستمبر ۱۹۳۲ء	دوشنبہ	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	محمد شاہ خاں بنام سرکار بہادر ذریعہ وجہولی	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت	اپیل منظور ہوا۔
۱۲ ستمبر ۱۹۳۲ء	دوشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر ذریعہ مسماۃ بھوری بنام جوگراج	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	زیر تجویز
	"	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	جعفر حسین بیگ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت	بابت منتقلی مقدمہ یادداشت بجوڈیشل کمیٹی کو بھیجی گئی
۱۳ ستمبر ۱۹۳۲ء	سہ شنبہ	"	لڈن بنام ہوکن لال	نگرانی خفیفہ دعوی ایک سو روپیہ	نگرانی نامنظور ہوئی
۱۳ ستمبر ۱۹۳۲ء	سہ شنبہ	"	بابورام وغیرہ بنام منی لال	درخواست منتقلی مقدمہ فوجداری	زیر تجویز
"	"	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	حافظ محمد شاہ بنام چھٹے خاں	اپیل دیوانی دعوے مالیتی	برائے سماعت ۲۵ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
	"	"	چھوٹے خاں بنام محمد شاہ	نگرانی خفیفہ دعوے	برائے سماعت ۲۵ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
۱۴ ستمبر ۱۹۳۲ء	چہارشنبہ	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	زاکت حسین خاں بنام سرکار بہادر ذریعہ متن	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۲۶ ت	اپیل منظور ہوا
۱۴ ستمبر ۱۹۳۲ء	چہارشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	نور الحسن خاں بنام امجد علیخاں	درخواست بازنمبر	درخواست بازنمبر منظور ہوکر مقدمہ نمبر پر قائم کیا گیا
"	"	"	سرکار بہادر بنام عبدالستار وغیرہ	متفرقات جرم دفعہ ۱۱۰ ت	برائے سماعت ۲۹ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	نواب علیخاں بنام اختری بیگم	اپیل دیوانی دعوے تنسیخ نکاح	برائے سماعت ۱۵ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی
۱۵ ستمبر ۱۹۳۲ء	پنجشنبہ	"	محمد نبی بنام دھن کنور	اپیل دیوانی دعوے مالیتی ۵۰۰ روپیہ	زیر پیشی
"	"	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام جوگراج	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	جوگراج ملزم پر ثبوت جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور باحتمال قید سخت کا سزایاب ہوا

روبکار عدالت العالیہ ہائی کورٹ

۹ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

آج مثل مقدمہ سرکار مدعی بنام خدا بخش ملزم مطلوبہ از ضلع غیر بالزام دفعہ ۴۱۱ تعزیرات چالانی تھانہ شاہ آباد نمبری ۵۵ مرسلہ عدالت منصفی مجسٹریٹی حلقہ جنوبی پیش ہو کر طلب کرکے ملاحظہ کی واضح ہوا کہ خدا بخش ملزم بتاریخ یکم اپریل سنہ ۳۲ء ضلع غیر سے گرفتار ہو کر آیا بعد برآمدگی مثل زیر دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری ۲ مئی سنہ ۳۲ء تاریخ پیشی مقرر ہو کر ثبوت طلب ہوا۔ ۲ مئی کو منصف مجسٹریٹ صاحب رخصت پر تھے۔ اسلئے ۲۰ مئی مقرر ہو کر مال مسروقہ و گواہان ثبوت طلب ہوئے تاریخ ۲۷ مئی بوجہ نہ آنے گاڑی مال مسروقہ کے ملتوی ہو کر ۲۸ مئی مقرر ہوئی ۲۸ مئی کو مدعی اور میاں جمعو بن وجمی گواہان ثبوت باشندہ ریاست کے بیانات قلمبند ہوئے بعد قلمبندی بیانات مذکورہ گواہان باشندہ ضلع غیر بتعین تاریخ ۲۲ جولائی سنہ ۳۲ء بذریعہ سمن طلب کئے گئے تاریخ مذکورہ پر ملزم ضلع غیر حاضر ہوا ضبطی ضمانت کی کارروائی اس وجہ سے نہیں ہوئی کہ ملزم کو جواب حاضری بمقام شاہ آباد ہوئی تھی اور ۲۲ جولائی کو اجلاس عدالت خاص شہر میں ہوا اسلئے تاریخ ۲۲ جولائی ملتوی ہو کر ۲۹ اگست سنہ ۳۲ء کی تعین سے سمن جاری ہوئے۔ ۲۶ اگست سنہ ۳۲ء کو مدعی نے درخواست پیش کی کہ گاڑی مسروقہ بوجہ سیلاب نہ آسکی اس تاریخ گواہان ضلع غیر حاضر ہوئے مگر ان کا اظہار بوجہ نہ آنے گاڑی کے قلمبند نہیں ہوا اسی سبب سے ۱۹ اگست مقرر ہوئی اس تاریخ بھی گاڑی مال مسروقہ حاضر نہیں کیگئی۔ اور مدعی نے درخواست پیش کی کہ ندی میں پانی آنے کی وجہ سے گاڑی مسروقہ نہیں لا سکا۔ اسلئے ۱۰ ستمبر سنہ ۳۲ء مقرر ہوئی۔ ملزم حوالاتی ضلع غیر کے مقدمہ کا بار بار التواء ہونا منصف مجسٹریٹ صاحب کی بے توجہی کا نتیجہ ہے جسکی وجہ سے زادراہ گواہان کا بھی نقصان ہے چونکہ بذریعہ روبکار یکم اگست سنہ ۳۲ء عام ہدایت جاری کردی ہے کہ حوالاتی ملزمان کی مقدمات کی تاریخیں جلد مقرر ہونا چاہیئے اور التواء تاریخ کی اطلاع اجلاس جوڈیشیل میں کرنا چاہیئے اور دیگر مقدمات پر ان مقدمات کی سماعت کو ترجیح دیجائے اور معمولی عذر پر التواء نہ ہونا چاہیئے۔ بسلسلہ مثل ہذا حسب ذیل فرو گذاشتیں ہوئی ہیں۔

۱۔ ۱۰ اپریل کو جو طلبی گواہان باشندہ ریاست کل میں آئی اس تاریخ گواہ ضلع غیر کیوں طلب نہیں کئے گئے

۲۔ ۲ مئی کو اگر منصف مجسٹریٹ صاحب رخصت پر تھے تو ۲۰ مئی یعنی ۱۸ یوم بعد کی تاریخ کیوں مقرر کی گئی۔

۳۔ ۲۷ مئی کو گاڑی نہ آنے کی کیا وجہ۔ مال مسروقہ تا فیصلہ آخر عدالت ابتدائی و اپیل پولیس کے قبضہ میں رہنا چاہئے تھا مدعی کو کیوں حوالہ کی گئی جو حاضر لانے سے معذرت ظاہر کرتا ہے

۴۔ ۲۸ مئی کو بنداء طلبی گواہان ضلع غیر بتعین ۲۲ جولائی کل میں آئی مسل میں مقام پیشی عدالت شاہ آباد دکھایا گیا جب پروگرام بدل گیا تو مقام اجلاس کی اطلاع ملزم کو بذریعہ پولیس اور نیز گواہان کو بذریعہ تحریر کیوں نہیں دی گئی تاکہ وہ شہر میں تاریخ مذکورہ پر حاضر ہوتے

لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ تصفیہ مقدمات حوالاتی کی بابت حسب ذیل تاکید و ہدایات جاری کیجائیں۔

۱۔ مقدمات مذکورہ کی تصفیہ میں بہت عجلت کیجائے اور بلا ضرورت کے التواء ہرگز نہ ہونا چاہئے اور ہمیشہ تاریخ

آئندہ پیشی ثبوت بہت قریب کی مقرر کیجائے اور کسی حالت
میں پندرہ روز سے زیادہ طویل تاریخ مقرر نہ کیجائے اور
اگر کوئی وجہ ناگزیر التوا کی پیش آجائے تو اوس کی اطلاع
بشمار روبکار کیم اگست نوٹ اجلاس جوڈیشل میں کرنا چاہیئے
۲- مقدمات چالانی پولیس میں پولیس کو بہت تندہی اور
کوشش سے تاریخ معینہ پر شہادت مادی وہاں کی
پیش کرنا چاہیئے ورنہ عدالت کو اسبارہ میں رپورٹ
کرنا چاہیئے
۳- مال مسروقہ کسی قسم کا مدعی کے قبضہ میں تا فیصلہ عدالت
ابتدائی و اپیل ہرگز نہ رہنا چاہیئے۔
۴- سب سے اول تاریخ پر گواہان ضلع غیر طلب کئے جائیں
ایسا ہرگز نہ ہو کہ گواہان ریاست کے بیان قلمبند ہونے کے
بعد طلبی گواہان ضلع غیر کیجائے۔

لہذا حکم ہوا کہ

نقل مسل روبکار کی نسبت مجسٹریٹ صاحب جنوبی کے
پاس مرسل ہو۔ ایک نقل بغرض اطلاع عام جملہ عہدہداران
فوجداری کے درج گزٹ ہو اصل روبکار شریک فائل کیجائے

شرح دستخط صاحب چیف مجسٹریٹ

حکم اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۱۲ ستمبر ۱۹۳۳ء

خبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری
رخصت رعایتی ایکماہ مطلوبہ منشی محمود شاہ بیگ سپرنٹنڈنٹ
عدالت اکاؤنٹنٹ آفس مشاہرہ دار یکصد و چہل بوجہ
استفادہ بغرض روانگی بیپر و نجات بذمہ داری منشی
عبد الکبیر خاں سپرنٹنڈنٹ عدالت اکاؤنٹنٹ آفس مع تحریر
ثانی منشی محمود شاہ بیگ مذکور بدیں صراحت کہ رخصت
منظور ہوجانے پر وہ ۱۳ ستمبر ۳۳ء کو سہ پہر کی گاڑی
سے روانہ ہوجائیں گے۔

حکم

رخصت مطلوبہ ایکماہ منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم اجلاس سول جج صاحب بہادر

تنسیخ دیوالیہ

۱۲ ستمبر ۱۹۳۲ء

مسل نمبر ۱۵ دیوالیہ منفصلہ ۲۱ اپریل ۱۹۳۲ء

بمقدمہ موہن لال دیوالیہ سائل بنام احمد نبی خاں وغیرہ

فریق ثانیان درخواست دیوالیہ

مسمی موہن لال ولد لڑبی پرشاد قوم ویش پیشہ منصرہی ساکن رامپور محلہ چاہ سوتیان کو بحکم ۲۱ اپریل ۱۹۳۲ء دیوالیہ قرار دیا گیا تھا دو سال کی میعاد درخواست ڈسچارج پیش کرنے کے لئے دی گئی تھی۔

سائل نے درخواست ڈسچارج پیش کی لیکن تکمیل اسٹامپ وطلبانہ نہیں کی اور متفرق عرائض کے ذریعہ سے مہلتیں حاصل کیں۔ پھر بھی اسٹامپ کافی داخل نہیں کیا ایسی بیقاعدہ درخواست کے یہ معنی ہیں کہ گویا کوئی درخواست نہیں گذری اس لئے حسب دفعہ ۴۳ قانون دیوالیہ حکم قرار داد قابل منسوخی ہے۔ لہذا حکم قرار داد موہن لال دیوالیہ مورخہ ۲۱ اپریل ۱۹۳۲ء منسوخ کیا جاتا ہے۔

دستخط سول جج صاحب بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور - بابت ہفتہ دوم ماہ ستمبر ۱۹۳۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۴ ۱ر	۰۱۳ ۱ر	۰۱۳ ۱ر، ۱۳ ۱ر	۱۳ ۱ر	۰۱۳ ۱ر	
نخود خالص	۰	۰۱۵ ۱ر	۱۸ ۱ر	۱۸ ۱ر	۱۵ ۱ر	۱۶ ۱ر	
نخود کرآمیز	۰	۱۷ ۱ر	۱۹ ۱ر	۱۹ ۱ر	۱۶ ۱ر	۱۷ ۱ر	
کسہ	۰	۰۱۷ ۱ر	۲۰ ۱ر	۲۰ ۱ر	۱۷ ۱ر	۱۸ ۱ر	
ماش	۰	۱۳ ۱ر	۰	۱۳ ۱ر	۱۳ ۱ر	۱۳ ۱ر	
مونگ	۰	۰۱۳ ۱ر	۰	۰	۰	۱۳ ۱ر	
مکا	۰	۰	۰	۰	۱۸ ۱ر	۰	
جئی	۰	۰	۰	۰	۲۰ ۱ر	۲۲ ۱ر	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۸ ۱ر	۲۰ ۱ر	
عدس	۰	۱۴ ۱ر	۰	۰	۱۵ ۱ر	۱۴ ۱ر	
ارہر	۰	۱۵ ۱ر	۰	۰	۱۵ ۱ر	۱۵ ۱ر	
برنج	۰	اول دوم ۹ ۱ر	۰۱۰ ۱ر	۱۰ ۱ر	۰۹ ۱ر، ۱۰ ۱ر	۰۱۰ ۱ر	
روغن زرد	۰	۱۲ چھٹانک	۱۳ چھٹانک	۱۰/۱ر	۱۳ چھٹانک	۱۱ چھٹانک	
روغن سیاہ	۰	۰۳ ۱ر، ۳ ۱ر	۰۳ ۱ر	۰۳ ۱ر	۳ ۱ر	۰۳ ۱ر	
روغن کنجد	۰	۰۳ ۱ر	۳ ۱ر	۳ ۱ر	۰۳ ۱ر	۰۳ ۱ر	
نمک سامبر	۰	۹ ۱ر	۰۹ ۱ر	۹ ۱ر	۱۰ ۱ر	۰۹ ۱ر	
نمک لاہوری	۰	۰	۶ ۱ر	۷ ۱ر	۰	۸ ۱ر	
قند سیاہ	۰	۵ ۱ر	۶ ۱ر	۶ ۱ر	۵ ۱ر	۶ ۱ر	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۷ ستمبر لغایت ۱۳ ستمبر ۱۹۳۴ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد بارش	میزان	تعداد بارش	میزان	تعداد بارش	میزان	تعداد بارش	میزان	تعداد بارش	میزان	تعداد بارش	میزان
۷ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	۱۱½	۳۱۲½	۰	۳۵۰½	۰	۱۷۴	۱۲	۳۳۶	۰	۳۷۶
۸ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	۰	۳۱۲½	۰	۳۵۰½	۰	۱۷۴	۰	۳۳۶	۰	۳۷۶
۹ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	۰	۳۱۲½	۰	۳۵۰½	۰	۱۷۴	۰	۳۳۶	۰	۳۷۶
۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	۰	۳۱۲½	نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		۰	۳۳۶	۰	۳۷۶
۱۱ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	۰	۳۱۲½	بشرح صدر		بشرح صدر		۰	۳۳۶	۰	۳۷۶
۱۲ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	نقشہ نہیں آیا		بشرح صدر		بشرح صدر		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا	
۱۳ ستمبر ۱۹۳۴ء یوم	۰	۲۵۱½	بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور